Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ ربیع الاول ۱۳۳۴ھ مطابق ۳۱ جنوری ۱۹۱۶ء — جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت گم و داخل ہونے اسلحہ محمد شعیب خان	۱
۲	اضافہ جات محمد و ابوالحسن صاحب صدر	۲
۳	اضافہ جات عہد جنگی	۲
۴	اضافہ ماسٹران ہائی اسکول	۲
۵	اضافہ احمد فوجداری ضلع	۲
۶	اضافہ ملازمان شفاخانہ صدر	۲
۷	بابت کمی کرنے سفارش ترقی درجہ و شرکت امتحان طلباء ہائی اسکول	۲
۸	تصحیح	۲
۹	نرخنامہ اجناس	ضمیمہ
۱۰	نتیجہ امتحان پٹواریان	”

حکم محکمہ عالیہ دارالانشاء اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۶ جنوری ۱۹۱۶ء

ملاحظہ رپورٹ ماتا پرشاد مخبری

بمقدمہ گم و داخل ہونے دو قبضہ تلوار بلا نمبر و یک ضرب بندوق دونالی کارتوسی بارہ نمبر ٥٢٢٠٩٥٥ کارخانہ آری نیوی کمپنی متعلقہ اسلحہ محمد شعیب خان و نہ پتہ چلنے اسلحہ مذکور کا۔

ایک ماہ کے اندر ہر سہ اسلحہ مندرجہ رپورٹ جسکے پاس ہوں داخل کر دے

ورنہ اس مدت کے بعد ناجائز شمار ہونگے۔ اور وارث مستوجب سزا کا ہوگا۔ بغرض اعلان عام درج گزٹ ہو۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ جات

۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ دیوان صدر سر بارۂ اضافہ اہلکاران سررشتہ بوجہ حسن انجام کار متعلقہ حسب تفصیل ذیل اضافہ منظور فرمایا گیا۔

شیام سندر لال آوارجہ نویس ۱ — جانکی پرشاد نزدات نویس سے — بنارسی لال آوارجہ نویس سے

جوالا پرشاد آوارجہ نویس سے — کنہیا لال سیاہہ نویس اول سے — لال بہاری لال سیاہہ نویس دوم ۲

واحد علی تحویلدار سکرات ۲ — دیبی پرشاد محرر سررشتہ دیوان صدر عہ — عہ — عہ

۲۴ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ بخشی فوج۔ علاوہ ناظر کے جنکی تنخواہ بہت کافی ہے بقیہ ملازمان کا اضافہ حسب صراحت ذیل منظور فرمایا گیا۔

سید زین العابدین پیشکار ۱ — محمد نبی خان اہلمد ۲ — نرائن سہائے اہلمد عہ

عباس علیخان نقلنویس سے — رام دیال سنگھ ۲

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۴ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب سفارش ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول ماسٹر چھیدے رام و ماسٹر شمبھو چندر اس ملازمان ہائی اسکول انگریزی کی تنخواہ موجودہ میں دو دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

اضافہ

۲۵ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب سفارش صاحب مجسٹریٹ ضلع چمن لال اہلمد فوجداری ضلع کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

۲۶ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب سفارش انچارج اسسٹنٹ سرجن صاحب فدا حسین نیٹو ڈاکٹر شاہرہ وار کو بیس روپیہ ماہوار و کلیان رائے نیٹو ڈاکٹر شاہرہ وار پندرہ روپیہ ماہوار ملازمان صدر شفاخانہ کی تنخواہ میں بوجہ زیادتی کام پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۷ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

بعض اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ ہائی اسکول کے طالب علموں کیجانب سے اُن کے متعلقین ترقی درجہ اور شرکت امتحان وغیرہ کیلئے ماسٹروں سے سفارشیں کیا کرتے ہیں اور بعض اوقات اپنا اثر ناجائز اُن پر ڈالتے ہیں۔ جو ایک مذموم طریقہ ہے۔ خود اون طلبا کے لئے بھی مضر ہے۔ جبکہ وہ سفارشی ہوتے ہیں اور عام طور پر اسکول کی نظامی حالت کو ابتر کرنے والا ہے۔ نیز بندگان اعلیحضرت کی منشا اور بعض سابقہ احکام کے بالکل مغایر ہے۔ جسکا سدباب ضروری ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

آئندہ اگر کسی طالب علم کیجانب سے سفارش کیجائیگی اور کوئی بے ضابطہ خواہش کیجائیگی۔ یا کسی ماسٹر پر اثر ڈالا جائیگا۔ تو اُس طالب علم کو مناسب سزا دیجائیگی۔ ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔ ایک نقل نایل بُک میں لگائی جاوے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تصحیح

پچھلے گزٹ نمبر ۳ مطبوعہ ۲۲ر جنوری کے عنوان کی سُرخی میں ۱۹۱۲ء کی جگہ سنہ ۱۹۱۶ء [illegible]

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلق ریاست رامپور من ابتدائے ۲۴ لغایت ۳۰ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	باسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۰۲ار			[illegible]ار	[illegible]ار	[illegible]ار	
نخود خالص	۰۰۹ار			۰۰ار	۰۱۰ار	۰۰۱۰ار	
نخود کسہ آمیز	۰۱۰ار			۰۱۰۰ار	[illegible]ار	[illegible]ار	
کس	۰۱۰۱۰ار			۰	۰۱۰۱۰ار	۰۱۰۱۰ار	
ماش	۰۰۷ار			۰۰۷ار	۰۰۷ار	[illegible]ار	
مونگ	۰۰۶ار			۰	۰۷ار	۰۰۷ار	
مکا	۱۱ار			۱۴ار	۰۱۳ار	۰۱۲ار	
جئی	۱۱ار			۰	۰۸ار	۰۱۲ار	
گوجئی	۰			۰	۰۱۰ار	۰۰۱۰ار	
عدس	۰۰۸ار			۰	۷ار	۰	
ارہر	۱۱ار			۰	۶	۰	
برنج	۰۰۵ار			۰۰۶ار	۰۰۶ار	۰۷ار	
روغن زرد	[illegible]ار			[illegible]ار	[illegible]ار	[illegible]ار	
روغن سیاہ	۰۰۲ار			[illegible]ار	۰۲ار	[illegible]ار	
روغن کنجد	۰۰۲ار			[illegible]ار	۰۲ار	[illegible]ار	
نمک سانبھر	۰۱ار			۰۰۱ار	۰۰۱ار	[illegible]ار	
نمک لاہوری	۰			۰۹ار	[illegible]ار	۰۰۲۳ار	
قند سیاہ	۰۰۵ار			[illegible]ار	۰۷ار	۰۰۷ار	
باجرہ	[illegible]			۰۳ار	۰۹ار	۰۹ار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔ واقع ۶ اکتوبر سنہ ۱۹۱۵ء

نوٹ صاحب مہتمم بندوبست ملاحظہ ہوا۔ منظور ہے کہ ایک نقل مع نتیجہ مطبع سرکاری کو واسطے اعلان نتیجہ مرسل ہو صاحب مہتمم بندوبست اپنے ہی اجلاس سے یہ نقل بغرض اندراج گزٹ مرتب کرکے اپنے دستخطون کے بعد بھیجدین۔ مِثل کاغذات بخدمت صاحب مہتمم بندوبست واپس ہون۔ اور لکھا جائے کہ مدرس وغیرہ کو تنبیہ کر دیجائے۔

(دستخط) صاحب ریونیو سکریٹری

حکم صاحب مہتمم بندوبست بہادر

ایک نقل نتیجہ بعد ہمارے دستخط کے مطبع سرکاری کو واسطے اندراج گزٹ اور ایک نقل نتیجہ پاس مدرس پٹواریان بھیجی جائے۔ اہلمد پٹواری فنڈ اسناد طلبا پاس شدہ مرتب کرین۔ اور بعد ہمارے دستخط و مہر کے تقسیم کیجائین۔ ۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۱۵ء

(دستخط) صاحب مہتمم بندوبست

نقل روداد امتحان ششماہی مدرسہ پٹواریان ریاست رامپور منعقدہ ۲۶ مئی سنہ ۱۹۱۵ء واقع ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۵ء

حسب منظوری اجلاس عالی رقمزدہ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۱۵ء امتحان ششماہی مدرسہ پٹواریان آٹھ صیغہ جات زیر تعلیم مین لیا گیا۔

پرچہ جات امتحان ممتحن صاحبان۔

منشی گوپی ناتھ صاحب میر منشی اجلاس ہمایون و سررشتہ دار صدر	حساب، مساحت
منشی واحد علی صاحب نائب میر منشی اجلاس ہمایون۔	املا، دستور العمل
منشی محمد حسین خانصاحب صدر قانون گو ہے۔	پیمائش موقع، رقبہ برآری، عکس
منشی عبدالرحیم خانصاحب انسپکٹر مدارس نے مرتب کئے	زراعت

کاپیان امتحان صیغہ جات دستور العمل املا کی جانچ حسب تحریک نائب میر منشی صاحب بذریعہ منشی عبدالرحیم خانصاحب انسپکٹر مدارس کرائی گئی۔ باقی صیغہ جات کی کاپیان خود ممتحن صاحبان نے جانچ کین۔ ۱۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۵ء تک کاپیان بعد جانچ مع افراد نتائج پذیرہ وصول ہوئین جسکی وجہ سے نتیجہ امتحان دیر مرتب ہوکر پیش ہوتا ہے۔ آیندہ کے لئے اگر ممتحن صاحبان بعد امتحان دو ہفتہ کے اندر نتیجہ تحریر فرمایا کرین

تو یہ ستم بدیر اظہار نتیجہ کا رفع ہو سکتا ہی - اور بین المیعاد داخلہ طلبا بھی ہو کر تعلیم پوری ہو سکتی ہی - بعد وصول نتائج معرفت محمد اسحاق منصرم بندوبست سکریٹری امتحان پٹواریان یکجائی نقشہ نتیجہ امتحان مرتب کرایا گیا منفصل نقشہ منسلکہ ہذا ہے مختصر یہ کہ منجملہ (۶۰) طلبا تعلیم یافتہ مدرسہ پٹواریان شریک امتحان کے (۲۹) کامیاب ہوئین - کامیابی بصیغہ جات مختلف یہ ہی - جیسا کہ گوشوارہ تحت سے ظاہر ہوتا ہی پانچ طلبا پرائیوٹ طور پر شریک امتحان ہوے جنمین سے دو۲ پاس اور تین۳ فیل ہوئے - منسلکہ نتیجہ ہذا بغرض منظوری و اشاعت بدرگاہ گزشت پیش ہی -

تفصیل ضروری	پیمائش موقع [۱]	رقبہ براری [۲]	عکس [۳]	دستور العمل [۴]	املا [۵]	زراعت [۶]	حساب [۷]	مساحت [۸]
حاضر کل نتیجہ امتحان	۶۰	۴۹	۴۳	۲۸	۲۱	۲۴	۴۲	۳۲
پاس	۳۶	۳۰	۲۷	۱۵	۱۲	۱۰	۳۷	۱۹
فیل	۲۴	۱۹	۱۶	۱۳	۹	۱۴	۵	۱۳

بمقابلہ ششماہی گذشتہ کے اگرچہ نتیجہ ٹھیک ہی کیونکہ امتحان گذشتہ مین (۹۰) تعلیم یافتہ مدرسہ کے (۲۵) پاس تھے مدرس اول پیمائش موقع مین ششماہی حال مین تجربہ حاصل کر لیا ہی اُمید ہی کہ آیندہ محنت کریگا تو تعلیم طلبا کا نتیجہ اچھا رہیگا - مدرس دوم کام پیمائش وغیرہ سے بالکل بے بہرہ ہے تا وقتیکہ تعلیم کنندگان واقف کار ہون تعلیم کا جو کچھ نتیجہ ہو وہ ظاہر ہے - یہ معاملہ غور طلب ہی -

آیندہ میرے نزدیک مدرسہ تعلیم پٹواریان مین انہین صیغہ جات کی تعلیم پر زور دیا جانا چاہیے جو کہ فرائض منصبی پٹواریان مین داخل ہی اور جنکے موافق روزمرہ پٹواریان کو کام کرنا پڑتا ہے - اور عہدۂ پٹوار کے قابل سوالات بھی ہونے کی ضرورت ہی -

گوشوارہ نمبر۲ آٹھ اشخاص کا جنمین کہ چار پٹواریان اور چار اُمیدواران شامل ہین ایسا ہی کہ جو تین و چار و پانچ مرتبہ شریک امتحان ہوے اور پھر بھی ناکامیاب رہے یعنی کل صیغہ جات مین کامیابی حاصل نہ کر سکے -

قواعد پٹواریان کا منشا ہے کہ تیسری مرتبہ فیل ہونے پر پٹواری برخاست کر دیے جائین - اس قواعد کے موافق اُنکے نام قابل اخراج ہین لیکن مین کمزوری تعلیم کنندگان کیوجہ سے ایک موقع اُنکی تعلیم کا اور دینا مناسب سمجھتا ہون - اگر اس مرتبہ یہ فیل ہوے تو پھر نام اُنکے خارج کیے جاینگے - اور تعلیم کنندگان کی کم توجہی کا نوٹ پیش کیا جایگا - اسکی اطلاع مدرس و طلبا کو بھی دیجائے کہ اگر نتیجہ امتحان خراب رہا تو ہر دو مدرسان کے لیے بلحاظ اُنکے کام کے بہتر نہوگا - ۳۰ ستمبر ۱۹۱۵ء